# 10-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج فیوچرسٹی ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کے دفتر کا افتتاح کیا۔

۲۔ریاستی وزیراتم کمارریڈی نے کہا کہ 2027ءتک آبپاشی پروجیکٹوں کی مرمت کومکمل کرتے ہوئے کسانوں کو پانی فراہم کرنے کیلئے حکومت تمام تراقدامات کررہی ہے۔

۳۔تلنگانہ بی جے پی کے صدراین رام چندرراؤ نے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کی 12 سالہ حکمرانی ملک کی ترقی کیلئے ایک مثال ہے۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ جنوبی مغربی مانسون مزید چاردنوں کے دوران ریاست بھرمیں پھیلنے کا امکان ہے۔

Police Academy Director

تلنگانہ پولیس اکیڈمی کی ڈائرکٹر ابھلا شابشٹ نے کہا ہے کہ سڑک حادثات کی روک تھام کے لئے ہرشہری کوٹریفک قوانین کی لازمی پابندی کرنی چاہیے۔انہوں نے آج دیشمکھی گاؤں میں منعقدہ روڈسیفٹی آگاہی گرام سبھا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہیلمٹ کا استعمال،شراب نوشی کے بعد گاڑی نہ چلانا اور ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون استعمال نہ کرنا جیسے احتیاطی اقدامات اپنانے سے سڑک حادثات میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔انہوں نے عوام سے ٹریفک قوانین پرسختی سے عمل کرنے کی اپیل کی۔

PTC, Yadadri Bhuvanagiri

Kadiyam Srihari

اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے کہا ہے کہ تاڑی نکالنے کے پیشہ سے وابستہ گوڑ برادری کے کارکنوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے مقصد سے ریاستی حکومت انہیں تربیت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ 'کاٹمیا حفاظتی کٹس' بھی مفت تقسیم کر رہی ہے۔ انہوں نے آج اسٹیشن گھن پور میں منعقدہ کاٹمیا حفاظتی کٹس کی تقسیم کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر حلقہ کے پانچ منڈلوں سے تعلق رکھنے والے 678 تاڑی تاسندوں میں حفاظتی کٹس تقسیم کی گئیں۔ بعدازاں خطاب کرتے ہوئے کڈیم سری ہری نے کہا کہ تربیت حاصل کرنے والے تمام کارکن حفاظتی کٹس کا لازمی استعمال کریں تاکہ دورانِ کام پیش آنے والے حادثات سے محفوظ رہا جا سکے۔

PTC, Janagama

Rajanna Sircilla District SP

راجنا سرسلہ ضلع کے ایس پی مہیش بی گیتے نے کہا ہے کہ پولیس محکمہ کے ارائیو۔ الائیو پروگرام کے ذریعہ عوام میں روڈ سیفٹی کے حوالے سے شعور میں اضافہ ہوا ہے۔ سرسلہ شہر میں امبیڈکر چوراہا سے بتکما گھاٹ تک روڈ سیفٹی اور منشیات کے خاتمہ کے موضوع پر ایک بڑی بیداری ریلی نکالی گئی۔ اس ریلی میں طلبہ، نوجوانوں، کھلاڑیوں اور عوام نے جوش وخروش سے شرکت کی۔ اس موقع پر ایس پی مہیش بی گیتے نے کہا کہ گزشتہ سال کے پہلے تین ماہ کے مقابلہ میں اس سال سڑک حادثات میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

PTC, Sircilla

My Motherland

ہر روز کروڑوں ہندوستانیوں کی جانب سے پڑھے جانے والے قومی عہد ''بھارت میرا وطن ہے، تمام ہندوستانی میرے بھائی بہن ہیں'' کے مصنف پائیڈی ماری وینکٹ سبا راؤ کی یومِ پیدائش کی تقریبات نلگنڈہ میں راشٹریہ شری رام سینا کے زیرِ اہتمام شاندار انداز میں منائی گئیں۔ اس موقع پر تنظیم کے صدر جلیلا گوور دھن نے مطالبہ کیا کہ حکومت ایسی عظیم شخصیات کو سرکاری سطح پر تسلیم کرتے ہوئے ان کی جینتی تقریبات سرکاری طور پر منعقد کرے۔

Sound Bye: Jillela Goverdhan

PTC, Nalgonda

Bhadradri Kothagudem Collector

بھدرادری کوتہ گوڑم کے کلکٹر انکیت نے آج ''پرجا پالنا۔ پرگتی پرانالیکا'' کے 99 روزہ ایکشن پلان کے تحت ضلع بھدرادری کوتہ گوڑیم کے انا پوریڈی پلی منڈل میں منعقدہ گرام سبھا میں شرکت کی۔ اس موقع پر کلکٹر انکیت نے کہا کہ ایل نینو کے اثرات کے پیشِ نظر کسان فصلوں میں تبدیلی کو ترجیح دیں اور محکمہ زراعت کی ہدایات کے مطابق کاشتکاری کریں۔ انہوں نے خصوصی ووٹر نظر ثانی پروگرام میں عوام سے تعاون کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ عوام بی ایل اوز کو درست معلومات فراہم کریں تا کہ ووٹر فہرستوں کی مؤثر انداز میں درستگی عمل میں لائی جا سکے۔

PTC, Bhadradri Kothagudem

Komatireddy

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ راجیہ سبھا امیدوار کے طور پر میناکشی نٹراجن کی نامزدگی مسترد کرنا قانون کے خلاف ہے اوراس معاملہ پر عدالت سے رجوع کرتے ہوئے قانونی جنگ لڑی جائے گی۔نلگنڈہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مخالفین راجیہ سبھا میں میناکشی نٹراجن کا سامنا نہیں کر سکتے تھے اسی لئے انہیں نااہل قرار دینے کی کارروائی کی گئی۔

Mahabubabad District SP

محبوب آباد ضلع ایس پی ڈاکٹر شبریش نے عوام سے اپیل کی کہ گانجہ سے پاک معاشرہ کی تعمیر میں پولیس کا بھرپور تعاون کریں۔وہ محبوب آباد شہر کی مختلف کالونیوں میں گانجہ کے تدارک کے سلسلہ میں منعقدہ آگاہی پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ گانجہ کا استعمال دماغی کارکردگی اور قوتِ فکر پر منفی اثر ڈالتا ہے جبکہ سانس کی بیماریوں اور ڈپریشن جیسے مسائل کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ایس پی نے کہا کہ اگر کسی کو گانجہ سے متعلق مشتبہ معلومات حاصل ہوں تو وہ 8712656999 نمبر پر اطلاع دے۔

PTC, Mahabubabad

Jupally Krishna Rao

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ ''اندراماں مکانات'' صرف ایک سرکاری اسکیم نہیں بلکہ غریب خاندانوں کی زندگی بدلنے والا ایک پروگرام ہے۔انہوں نے کولاپور اسمبلی حلقہ کے پینٹلاویلی، کولاپور اور کوڈیرو منڈل مراکز میں اندراماں گھروں کی تعمیراتی پیش رفت کا جائزہ

لیا۔اس موقع پر وزیر نے حکام کو ہدایت دی کہ آئندہ پندرہ دنوں کے اندر تمام انتظامی کارروائیاں مکمل کر کے تکنیکی منظوری حاصل کرنے والے ہر گھر کی تعمیر کا آغاز یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے عوامی نمائندوں اور اندراماں کمیٹی کے ارکان کو بھی ہدایت دی کہ منظور شدہ ہر گھر کی تعمیر شروع کروانے کے لئے خصوصی دلچسپی لیں۔

CTC, Nagarkurnool

Vivek Venkataswamy

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا کہ حکومت تلنگانہ کے نوجوانوں کو بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے منچریال ضلع کے مندامری میں آج ٹام کام کی جانب سے منعقد کئے گئے جرمن زبان کی ٹریننگ پروگرام کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر وویک وینکٹ سوامی نے کہا کہ عالمی سطح پر روزگار کے مواقع حاصل کرنے کیلئے بیرونی زبانوں پر عبور حاصل کرنا ضروری ہے۔

Sound Byte. Vivek Venkataswamy

PTC Mancherial

Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ 2027ء تک آبپاشی پروجیکٹوں کی مرمت کو مکمل کرتے ہوئے کسانوں کو پانی فراہم کرنے کیلئے حکومت تمام تر اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے آج میڈی گڈہ پروجیکٹ کی بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ میڈی گڈہ بیاریج میں ناقص تعمیر کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے۔ پروجیکٹ کو ہونے والے

نقصان کے وجوہات کا جائزہ لینے کیلئے سی ڈبلیوسی اوراین ڈی ایس اے جیسے تاریخی تجربہ رکھنے والے ادارے اس کی جانچ کررہے ہیں۔ تکنیکی طور پر مضبوط طریقہ سے جانچ کرتے ہوئے پروجیکٹ کواستعمال میں لانے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انارم، سودینلا بیریج کے مرمتی کام شروع ہوئے ہیں جبکہ دوسری جانب انھوں نے نظام آباد ضلع کے سداپور ریزروائر کے کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے 106 کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے گئے جاکوراچندور لفٹ اریگیشن اسکیموں کا افتتاح کیا۔

PTC - Kamareddy

Environment Premikudu

قدرتی ماحول سے محبت رکھنے والے بھدرادری کوتہ گوڑم کے ساکن موکلا راجہ شیکھر نے آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی ماحول کی حفاظت کیلئے خصوصی کوشش کررہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وہ وزیراعظم نریندرمودی کی جانب سے کی گئی اپیل پر ایک پیڑ ماں کے نام کومثالی لیتے ہوئے بھدرادری ضلع میں اب تک کئی پودوں کولگائے ہیں۔

Byte: Mukula Rajashekar

PTC - Bhadradri

Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندرراؤ نے کہاہے کہ نریندرمودی نے منتخب وزیرِاعظم کے طور پرسب سے طویل مدت تک خدمات انجام دے کر ہندوستانی تاریخ میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے اوران کے 12 سالہ دورِحکومت ملک کی ترقی کا حقیقی ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ

وزیرِ اعظم مودی نے کامیابی کے ساتھ 4,399 دن مکمل کر لئے ہیں اور عوام کے براہِ راست منتخب کردہ سب سے طویل مدت تک خدمات انجام دینے والے واحد ہندوستانی وزیرِ اعظم بن گئے ہیں۔ رام چندر راؤ نے کہا کہ گزشتہ 12 برسوں سے بی جے پی کی مرکزی حکومت 'وشواس، وکاس اور جن کلیان' کے اصولوں کے تحت آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ آئندہ انتخابات میں بھی بی جے پی کامیابی حاصل کرے گی اور نریندر مودی دوبارہ وزیرِ اعظم بنیں گے۔

Desk

Jangaon Collector

جنگاؤں ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے کہا ہے کہ دیہاتوں کی ترقی عوام کی فعال شراکت داری سے ہی ممکن ہے۔ وہ ''پرجا پالنا - پرگتی پرنالیکا'' پروگرام کے تحت ضلع جنگاؤں کے رام چندر پورم میں واقع رعیّتو ویدیکا میں منعقدہ گرام سبھا سے خطاب کر رہے تھے۔ کلکٹر نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کے لئے کچرے کی علیحدگی اور صاف ستھرائی کے بارے میں عوام میں شعور بیدار کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے مانسون کے پیشِ نظر صفائی کے انتظامات کو ترجیح دینے، پانی کی پائپ لائنوں کی مرمت اور واٹر ٹینکوں کی صفائی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

PTC, Jangaon

Revanth

وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے فیوچر سٹی ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے مرکزی دفتر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 'بھارت فیوچر سٹی' اب حقیقت کا روپ اختیار کر چکی ہے اور یہ تمام ہندوستانیوں کی اجتماعی امنگوں کی ترجمان ہے۔ انہوں نے کہا کہ

فیوچر سٹی ڈیولپمنٹ اتھارٹی کا ہیڈ کوارٹر ریاست کے مستقبل کے وژن کو عملی جامہ پہنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

Desk

Weather

محکمہ موسمیات نے کہا کہ جنوب مغربی مانسون ریاست میں داخل ہو چکا ہے، تاہم اس وقت اس کا اثر زیادہ تر جوگولامبا گدوال ضلع تک محدود ہے۔ محکمہ کے عہدیداروں نے بتایا کہ آئندہ تین سے چار دنوں میں مانسون کے پورے ریاست میں پھیلنے کے امکانات ہیں۔ موجودہ صورتحال کی وجہ سے آج نلگنڈہ، رنگا ریڈی، ناگر کرنول، ونپرتھی اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں شدید بارش کا امکان ہے۔ اس کے پیش نظر ان اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ آئندہ دو روز کے دوران 40 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں جبکہ گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش متوقع ہے۔

Desk

○○